تنظیمِ اسلامی مرکزی شعبہ نشرواشاعت
K/36 ماڈل ٹاؤن لاہور-فون 3-042-35869501 - 042-35856304 فیکس 042-35834000
E-mail: media@tanzeem.org, Website:www.tanzeem.org

تنظیم اسلامی

# پریس ریلیز

13-مارچ 2020ء

## مہلک وبائی امراض کے پھیلنے کی صورت میں علاقہ بندی کرنا شرعاً درست ہے حافظ عاکف سعید

لاہور(پ ر) مہلک وبائی امراض کے پھیلنے کی صورت میں علاقہ بندی کرنا شرعاً درست ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر حافظ عاکف سعید نے اپنے بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ کرونا وائرس آج ساری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لیے ہوئے ہے۔ اگرچہ اس سے بچاؤ کے لیے حفاظتی تدابیر اختیار کرنا ہم سب پر لازم ہے لیکن یہ سوچنے کی ضرورت ہے کہ آج دنیا پر ایسے عذاب و آزمائش قطار اندر قطار کیوں نازل ہو رہے ہیں؟ اُنہوں نے کہا کہ آج کا انسان مادہ پرستی میں ڈوب چکا ہے۔ اِس مادہ پرستی نے انسان کو اللہ تعالیٰ سے مکمل طور پر غافل کر دیا ہے۔ لیکن عذاب و آزمائش کا کوڑا یوں بھی برستا ہے کہ مادی دنیا کی اکثریت اپنا سارا کاروبار ٹھپ کر کے اوندھے منہ پڑی ہے۔ یہ پوری نوع انسانی کے لیے عبرت کا سامان ہے۔ انتہائی ترقی یافتہ ممالک بھی اِس بیماری کے آگے بے بس نظر آتے ہیں۔ مسلمانوں کو خاص طور پر سوچنا ہوگا کہ اُن کے لیے دنیا اور آخرت میں نجات صرف اللہ اور رسول ﷺ کے احکامات کی تعمیل ہی میں مضمر ہے۔ لوگوں کو ڈرنا چاہیے اگر اُن کی آنکھیں اِس عذاب و آزمائش سے بھی نہیں کھلتیں تو اُنہیں کسی بڑے اور بدتر عذاب و آزمائش سے بھی پالا پڑ سکتا ہے۔

اسلامی نظریاتی کونسل کی اِس سفارش پر کہ جنسی مجرموں کی سزائے موت برقرار رکھی جائے پر تبصرہ کرتے ہوئے امیر تنظیم نے کہا کہ حقیقت یہ ہے کہ شریعت میں مجرموں کو اللہ اور رسول ﷺ کی طرف سے جو بھی سزا مقرر کی گئی ہے انسانوں کو کوئی حق نہیں پہنچتا کہ اُن میں معمول سا بھی ردوبدل کریں۔ اسلامی سزاؤں کا ایک مقصد مجرموں کو نشانِ عبرت بنا کر جرائم کا مکمل خاتمہ بھی ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ اسلامی نظریاتی کونسل اُن تمام قوانین کو عوام کے سامنے لائے جو غیر شرعی ہیں تاکہ حکمرانوں پر دباؤ ڈالا جائے کہ وہ غیر شرعی قوانین کو ختم کریں اور پاکستان میں کوئی قانون قرآن وسنت کے منافی نہ رہے تاکہ پاکستان صحیح معنوں میں ایک مثالی اسلامی فلاحی ریاست بن سکے۔

جاری کردہ

(ایوب بیگ مرزا)
ناظم نشر واشاعت تنظیم اسلامی
0321-4893436

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE:** 13 Mar 2020

**"According to the Islamic Shariah, it is correct to lockdown an area in case of the spread of a deadly contagious disease."**

## (Hafiz Aakif Saeed)

**Lahore (PR): "According to the Islamic Shariah, it is correct to lockdown an area in case of the spread of a deadly contagious disease."**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Hafiz Aakif Saeed**, in a statement. The Ameer noted that the coronavirus has engulfed the entire world today, and while it is absolutely necessary for all of us to take precautionary measures to avoid being infected by the contagion, it is even more crucial for us to reflect on the reasons why such wraths and trials (from Allah *SWT*) are befalling, one after the other, in today's world. He remarked that humans, today, have become utterly immersed in materialism and this blind pursuit of worldly gains alone has made humans completely oblivious of the Lord of the Worlds – Allah *(SWT)*. Therefore, the wrath and trial (from Allah *SWT*) strikes in this way too, leaving most of the world crippled and fallen to its knees, with all forms of 'business of the modern man' totally arrested and halted to a standstill. This, he added, is a sign of warning and a lesson of admonition for the whole of humanity.Even the most developed nations of the world are totally helpless against this virus. The Muslims, in particular, ought to ponder, reflect and grasp that their salvation in this world and in the Hereafter resides only in following the commandments of Allah *(SWT)* and His *(SWT)* Messenger *(SAAW)*, in letter and spirit. People must wake-up and fear Allah *(SWT)*, because if they fail to open their eyes and recognize the clear warning even after this wrath and trial (from Allah *SWT*), then they may have to face greater and worse wraths and trials (from Allah *SWT*) in the future.

While commenting on the recommendation made by the Council of Islamic Ideology (CII) that the death penalty (capital punishment) for perpetrators found guilty of sex crimesought to be maintained, the Ameer of Tanzeem-e-Islami remarked that the fact of the matter is that humans have no right to change any punishment that has been decreed for criminals (and sinners) in the Islamic Shariah, according to the edicts of Allah *(SWT)* and His *(SWT)* Messenger *(SAAW)*, even in the slightest. One of the basic reasons of Islamic punishments for the guilty is to put a stop to crime (and sin) by making the perpetrators an example of admonition and warning for all. The Ameer concluded by asserting that the Council of Islamic Ideology (CII) ought to make public all such laws that are in violation of the Islamic Shariah in order to further pressurize the rulers to abolish all such laws that are in violation of the Islamic Shariah and ensure that no such law remains enforced in Pakistan that is repugnant to the Qur'an and Sunnah so that Pakistan could be transformed into a model Islamic Welfare State.


Issued by
Ayub Baig Mirza
Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem e Islami, Pakistan
Contact: 0321 - 4893436